


# سوینگز اینڈ لائف پروٹیکشن پلان

ای ایف یو لائف پیش کرتا ہے اعلیٰ معیار کا سیونگز پلان اور لائف پروٹیکشن پلان جو آپ کی مالیاتی ضروریات کو پورا کرنے کے ساتھ ساتھ ایک جامع انشورنس کوریج کے فوائد بھی فراہم کرتا ہے۔ خواہ وہ آپ کے بچوں کی اعلیٰ تعلیم کے لئے ہو یا ان کی شادی کے لئے، گھر کی خریداری کرنی ہو یا ریٹائرمنٹ کے بعد باقائدہ آمدنی کو یقینی بنانا ہو، بیرونِ ملک سفر ہو یا کوئی اور بڑی ضرورت، اس پلان کے ذریعے آپ اپنے مطلوبہ اہداف کی تکمیل کر سکتے ہیں۔ یہ پلان آپ کو مخصوص ضروریات کے مطابق مختلف اختیارات میں سے انتخاب کی لچک اور تحفظِ زندگی کی ضمانت بھی فراہم کرتا ہے۔

## یونٹ ایکومولیشن اینڈ انویسٹمنٹ فنڈ:

اس پلان کے تحت جمع شدہ ہر پریمیم کو صارف کے انتخاب کے مطابق ای ایف یو لائف انٹرنل انویسٹمنٹ فنڈ میں لگایا جاتا ہے۔ اس رقم کو مروّجہ آفر پرائس پر فنڈ کے یونٹس خریدنے کیلئے استعمال میں لایا جاتا ہے۔ اس کا مقصد سرمایہ کی پیداوار کو ایک پُر وسعت متوازن تجارتی پورٹ فولیو میں سرمایہ کاری کر کے زیادہ سے زیادہ بڑھانا ہے۔ اس فنڈ کی نگرانی سرمایہ کاری کر کے زیادہ سے زیادہ بڑھانا ہے۔ اس فنڈ کی نگرانی سرمایہ کاری کے مواقع کی روشنی میں بنیادی سرمایہ کاریوں کی آمیزش کو ترتیب دیتے ہیں۔

## فنڈ کے انتخاب کی سہولت:

پالیسی ہولڈر کو کہ سہولت حاصل ہے کہ وہ سرمایہ کاری کے مقاصد کی بنیاد پر اپنے رسک / خدشات کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے کسی ایک فنڈ کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ پالیسی ہولڈر درجِ ذیل تین یونٹ فنڈز میں سے کسی بھی ایک فنڈ کا انتخاب کر سکتے ہیں (شرائط لاگو ہوں گی)۔

- ای ایف یو مینیجڈ گروتھ فنڈ
- ای ایف یو گارینٹیڈ گروتھ فنڈ
- ای ایف یو اگریسو گروتھ فنڈ

## ملٹی پل فنڈ آپشن:

اس آپشن کے تحت آپ کے پاس پلان میں موجود دو یونٹ لنکڈ فنڈز کو ایک ساتھ استعمال کرنے کی سہولت موجود ہے۔ فنڈ کو 10 فیصد کے ملٹی پل کے تحت منتخب کی جا سکتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ فنڈز کو 90/10, 80/20, 70/30, 60/40یا50/50 کے حساب سے تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

## (ETA) ایکسٹینڈڈ ٹرم اشورنس:

سب سے زیادہ لچکدار فیچر، جو پالیسی ہولڈر کو پہلے سوے وضع کی گئی ETA کی مدت تک پریمیم ادا کرنے اور باقی کی مدت کے لیے پریمیمز روک دینے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ یہ خاص طور پر اس وقت فائدہ مند ہے جب پالیسی ہولڈر پریمیمز کی ادائیگی جاری نہ رکھ سکے مگر کوریج کی ضرورت ہو۔ ETA کی آپشن 10 مکمل پریمیمز کی ادائیگی کے بعد حاصل کی جا سکتی ہے۔ پریمیم کی تجدید سے پہلے 30 دن کے نوٹس کے ساتھ ETA سہولت حاصل کرنے کے بعد رائیڈر (اگر کوئی ہوں) کینسل کر دیئے جائینگے۔

## بلٹ ان ایکیڈینٹل ڈیتھ اینڈ ڈسیبلٹی بینیفٹ:

اگر بیمہ شدہ شخص کسی حادثے کے باعث وفات یا کسی معذوری کا شکار ہو جائے تو یہ منصوبہ فوری فنڈ فراہم کرتا ہے، ادا کی جانے والی رقم بنیادی سالانہ پریمیم کا دس گنا تک ہو سکتی ہے جس کی زیادہ سے زیادہ حد پچیس لاکھ روپے ہے۔

## بلٹ ان ویور آف پریمیم:

کسی بیماری یا حادثے کی صورت میں پالیسی ہولڈر اگر اپنی ملازمت جاری نہ رکھ سکے تو پلان کا کنٹری بیوشن ای ایف یو لائف ادا کریگا۔

## فنڈ ایکسیلریشن پریمیم:

یہ ریگولر پریمیم کا پلان ہے جو آپ کو اپنی بچت کو مزید بڑھانے کی لچک بھی مہیا کرتا ہے جسے آپ بچائے ہوئے اضافی فنڈ حصوں کے طور پر منصوبے میں جمع کرا کے حاصل کر سکتے ہیں جسے ''فنڈ ایکسیلریشن پریمیم'' کہتے ہیں۔
یہ فنڈ پالیسی مدت کے دوران کسی بھی وقت جمع کرایا جا سکتا ہے۔
فنڈ ایکسیلریشن پریمیم کی ادائیگی کے لئے کم از کم پریمیم 18,000 روپے ہے۔

## ایلوکیشن فیصد:

یونٹس میں سرمایہ کاری کے لئے حصے کا تناسب پالیسی سال کے اعتبار سے مختلف ہوتا ہے جو درج ذیل ہے:

| پالیسی سال | ایلوکیشن کی شرح |
|---|---|
| 1 | 40 فیصد |
| 2 | 80 فیصد |
| 3 | 90 فیصد |
| 4سے 10 | 100 فیصد |
| 11 اور اس سے زیادہ | 100 فیصد + اضافی لائلٹی بونس ایلوکیشن |

## آپ کے سرمائے کا تحفظ:

جیسے ہی کوئی فرد بچت شروع کرتا ہے اسکو حیاتی بیمے کے تحفظ کا یقینی درجہ حاصل ہو جائے گا، اس تحفظ کا مطلب وفات کی صورت میں اس فرد کے زیرِ کفالت افراد کا تحفظ ہے:

- تاریخ وفات پر منصوبے کی نقد قدر یا بیمہ کردہ رقم دونوں میں سے جو زائد ہو
- فنڈ ایکسیلریشن پریمیم کی ادائیگیوں کی نقد قدر، اگر کوئی ہے۔

## بچت تک ہر وقت رسائی:

پلان کے تحت مجموعی بچت تک مکمل رسائی حاصل ہے دو سال کے پریمیم کی ادائیگی کے بعد فنڈ کو جزوی یا مکمل نکلوایا جا سکتا ہے۔ اس بات کا دھیان رہے کہ شروع کے سالوں میں رقم نکلوانا کیش ویلیوز پر اثر انداز ہوگا۔

## ایڈیشنل بینیفٹ رائڈرز:

مختلف ایڈیشنل بینیفٹ رائڈرز دستیاب ہیں جو تحفظ کے درجہ کو بڑھانے کیلئے بنیادی منصوبے سے منسلک کئے جا سکتے ہیں وہ یہ ہیں:

- ایڈیشنل ٹرم اشورنس
- فیملی انکم بینیفٹ
- لائف کیئر بینیفٹ پلس

## اہم تفصیلات:

**اہلیت:**

اس پلان میں شامل ہونے کے لئے کم از کم اور زیادہ سے زیادہ، آنے والی سالگرہ پر بالترتیب 18 اور 65 سال ہے۔

**فوائد:**

یہ پلان پوری زندگی کے لئے ہے اور لائف ایشورنس پروٹیکشن اور انویسٹمنٹ کے تاحیات فوائد فراہم کرتا ہے۔
پلان کا Open ended پہلو اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ ہر کسی کو یہ سہولت حاصل رہے کہ وہ اپنی ضرورت کے تحت اور کسی بھی وقت فنڈز نکلوا سکتا ہے۔

## پریمیم کی حد:

بنیادی پلان کے لئے کم از کم سالانہ ریگولر پریمیم 18,000 روپے ہے۔

## لائلٹی بونس ایلوکیشن:

لائلٹی بونس ایلوکیشن کی تقسیم کا اطلاق پالیسی کے گیارہویں سال سے شروع ہو کر ہر پانچویں سال پر ہوتا ہے، بونس کی تقسیم، اس سال سے فوری قبل جس میں لائلٹی بونس ایلوکیشن کو تقسیم ہونا ہے، پالیسی سال میں ادا شدہ بنیادی منصوبے کے حصے کی ایک (مقررہ) فیصد ہے۔
بنیادی پلان کنٹری بیوشن کے علاوہ، اضافی یونٹس کی تقسیم درج ذیل ہے:

| پالیسی سال | ایلوکیشن کی شرح |
|---|---|
| 11 | 30 فیصد |
| 16 | 45 فیصد |
| 21 | 60 فیصد |
| 26 | 75 فیصد |
| 31 | 90 فیصد |
| اور اسی تناسب سے بعد کے سالوں پر | |

## سم اشورڈ:

وفات کی صورت میں، یقینی قابل ادائیگی رقم ہے، بیمہ کردہ رقم کا تعین بنیادی منصوبے کے سالانہ پریمیم کو ''پروٹیکشن ملٹی پل'' سے ضرب کر کے کیا جاتا ہے۔ جو درج فہرست سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔

| عمر | پروٹیکشن ملٹی پل |
|---|---|
| 18 سے 35 سال | 5 سے 75 |
| 36 سے 40 سال | 5 سے 50 |
| 41 سے 49 سال | 5 سے 35 |
| 50 سے 60 سال | 5 سے (70-عمر) |
| 61 سے 65 سال | 5 |

## افراطِ زر سے تحفظ:

انڈیکسیشن بینیفٹ کے تحت، آپ کو تحفظ کے ساتھ ذہنی سکون بھی ہوگا کہ پلان میں دیئے گئے فوائد ہر سال افراطِ زر کے تحت بڑھتے جائیں گے۔
اس آپشن کے تحت ہر سال پریمیم 5 فیصد بڑھ جائے گا۔ اسی طرح بنیادی پلان کا سم اشورڈ اور اضافی رائیڈرز، اگر کوئی ہے، بھی اسی طریقے سے بڑھ جائیں گے۔ اگرچہ سم اشورڈ کو اُسی حد پر رکھتے ہوئے صرف پریمیم کو بڑھایا جا سکتا ہے

## فری لُک پریڈ:

پالیسی کے اجرا کی تاریخ سے 14 دن کے اندر اگر آپ اپنی پالیسی منسوخ کرتے ہیں، تو آپ کو میڈیکل ٹیسٹ کی مد میں ای ایف یو لائف کی جانب سے کئے جانے والے اخراجات کی کٹوتی کے بعد تمام پریمیم واپس کر دیا جائے گا۔

## چارجز:

پلان پر درج ذیل چارجز کا اطلاق ہوگا:

| | |
|---|---|
| انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارجز: | فنڈ کی رقم 0.125 فیصد ماہانہ |
| بڈ آفر اسپریڈ: | مجموعی ریگولر کنٹری بیوشن کا 5 فیصد |
| انتظامی اخراجات: | 50 روپے ماہانہ |

## ڈسکلیمر:

- یہ پراڈکٹ ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ نے انڈر رائٹ کی ہے۔ عسکری بینک یا اس سے منسلک اداروں نے نہ ہی اس کی ضمانت دی ہے اور نہ ہی اس کی انشورنس کی ہے نیز یہ عسکری بینک کی پراڈکٹ نہیں ہے۔
- یہ پراڈکٹ ای ایف لائف کی پیش کردہ ہے، عسکری بینک اپنے قابلِ قدر صارفین کے لئے اس پراڈکٹ کا تقسیم کار ہے۔
- فنڈ کی سابقہ کارکردگی ضروری نہیں کے مستقبل کی نشاندہی کرے، اسی طور پر کوئی بھی پیشن گوئی فنڈ کے ممکنہ یا مستقبل کی کارکردگی کے طور پر لینا ضروری نہیں ہے، نہ ای ایف یو لائف اور عسکری بینک اس کے لئے کوئی ذمہ داری قبول کرینگے۔
- منتخب کردہ فنڈ میں سرمایہ کاری میں کارکردگی کا رسک بیمہ دار کی ذمہ داری ہوگی۔
- ہمارا اسیلز نمائندہ آپ کو فوائد کی ایک (انفرادی) تشریح مہیا کرے گا، برائے مہربانی مختلف شرائط ضوابط کو تفصیلی طور پر سمجھنے کے لئے تشریح میں دیے گئے نوٹس کو غور سے پڑھیئے۔
- بینک کے شیڈول آف چارجز یا متعلقہ اداروں کے مقرر کردہ ٹیکسز کے قوانین کے تحت سروس چارجز اور ٹیکس کا اطلاق ہوگا۔
- یہ معاہدہ کس طرح کام کرتا ہے، اسے پالیسی کے قواعد و شرائط میں بیان کیا گیا ہے، پراڈکٹ کا بروشر (کتابچہ) اس کے خدوخال اور فوائد کا ایک عمومی جائزہ پیش کرتا ہے۔
- پالیسی سے متعلقہ کسی بھی قسم کی شکایت کی صورت میں آپ ای ایف یو لائف اشورنس میں (021-111-338-111) پر رابطہ کر سکتے ہیں۔
- پالیسی سے متعلق تمام کلیمز، چارجز اور ادائیگیاں صرف اور صرف ای ایف یو لائف کی ذمہ داری ہے۔

**EFU LIFE ASSURANCE LTD.**
EFU Life House: Plot No. 112, 8th East Street, Phase I,
DHA, Karachi, Pakistan.
Tel: (021) 111-EFU-111 (111-338-111) Fax: (021) 34537519
Website: www.efulife.com

**ASKARI BANK LIMITED**
AWT Plaza, The Mall, P.O. Box 1084, Rawalpindi.
Call Center: 0800-00078 Website: www.askaribank.com.pk


askus
askus
askus
askus
askus